58th Year

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز



**الکاراز کی نظریں گرینڈ سلیم پر**

ٹینس کی دنیا کی نئی اور مقبول ترین جوڑی ایک بار پھر میلبورن پارک میں آمنے سامنے آنے کے لیے تیار ہے۔ اسپین کے کارلوس الکاراز کی نظریں تاریخ رقم کرنے پر جمی ہیں، جبکہ اٹلی کے جینک سنر اپنے خطاب کے دفاع کے لیے پرعزم ہیں۔ ۲۲ سالہ ہسپانوی اسٹار کارلوس الکاراز کے پاس اب تک ۶ گرینڈ سلیم خطابات ہیں۔ (تفصیلات اندر)



**روجر فیڈرر کی ملبورن واپسی**

ٹینس کے سب سے مقبول کھلاڑی اور ۲۰ گرینڈ سلیم خطاب کے مالک روجر فیڈرر ہفتہ کے روز آسٹریلین اوپن میں ایک بار پھر ایکشن میں نظر آئیں گے۔ ۴۴ سالہ سوئس ماسٹر کی واپسی نے دنیا بھر کے ٹینس شائقین میں خوشی کی لہر دوڑا دی ہے۔ روجر فیڈرر آسٹریلین اوپن ۲۰۲۶ کی افتتاحی تقریب کے موقع پر ایک خاص نمائشی میچ کا حصہ ہوں گے۔ (تفصیلات اندر)

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 15 | صفحات: 08 | ۱۵ جنوری ۲۰۲۶ بروز جمعرات بمطابق ۲۵ رجب ۱۴۴۷ | Thursday 15th January 2026 | جلد نمبر 58




# فوج کی بہادری، قربانی ہماری قوم کی حفاظت کی ریڈھ کی ہڈی/LG

## راجوری میں سابق فوجیوں اور ویرناریوں اور اہل خانہ کو خراج عقیدت

راجوری/ لیفٹیننٹ گورنر نے منوج سنہا نے دسویں آرمڈ فورسز کے سابق فوجیوں کے موقعہ پر سابق فوجیوں، ویرناریوں اور اُن کے اہلِ خانہ کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور اے ایل اے راجوری میں منعقدہ ایک یادگاری تقریب میں شرکت کی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے ایک بڑے اِجتماع سے خطاب کرتے ہوئے سابق فوجیوں اور بہادر فوجی جوانوں کا تہہ دِل سے شکریہ اَدا کیا جو ہمیشہ اَپنی ذات سے بڑھ کر دوسروں کی سلامتی کو ترجیح دیتے ہیں۔ اُنہوں نے کہا،''ہمارے آرمڈ فورسز کے سابق فوجی جیتی جاگتی تاریخ کی مثال ہیں ۔ اُن کی قربانیوں نے نہ صرف ہماری آزادی کی حفاظت کی ہے بلکہ ہماری عظیم قوم کی تقدیر کو بھی سنوارا ہے۔''منوج سِنہا نے کہا کہ آرمڈ فورسز کی بے لوث خدمت محض ایک نوکری نہیں بلکہ عمر بھر کا عہد ہے جو اُن کے فوجی کیریئر کے اِختتام اور وردی اُتارنے کے بعد بھی جاری رہتا ہے۔۔ اُنہوں نے کہا کہ سابق فوجیوں کی ہمت، بہادری صرف میدانِ جنگ تک محدود نہیں ہے بلکہ اَمن کے قیام اور ملک کی ترقی کو یقینی بنانے میں بھی ہوتی ہے۔ اُنہوں نے فوج کے بہادر سپاہیوں کی ثابت قدمی اور مادرِ وطن سے ان کی محبت کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ فوج کی ہمت اور قربانی ہماری قوم کی سلامتی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ منوج سِنہا نے کہا،''ہمارے فوجیوں کی قربانیاں اکثر نظر نہیں آتیں۔ جب قوم اَمن کی نیند سوتی ہے تو وہ مستعد کھڑے ہوتے ہیں۔ جب قوم تہوار مل کر مناتی ہے تو ہمارے فوجی گھر سے دُور سرحدوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ وہ قربانی کے بارے میں بات نہیں کرتے بلکہ ہر لمحہ اسے جیتے ہیں۔'' اِس موقعہ پر اُنہوں نے ''وال آف فیم'' کا اِفتتاح کیا اور سابق فوجیوں کے لئے ایک مخصوص پولیس ہیلپ لائن سروس کا آغاز کیا۔ اُنہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت کے اُس عزم کا اعادہ کیا کہ سابق فوجیوں اور ان کے اہلِ خانہ کی فلاح و بہبود کو یقینی بنایا جائے گا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا،''سابق فوجی نوجوانوں کے لئے رول ماڈل ہیں اور کردار، دائمی اَقدار اور بے لوث خدمت کے ذریعے قوم کی رہنمائی کرر ہے ہیں۔ وہ روزمرہ زندگی میں عملی مثال قائم کرتے ہیں۔ قوم کی حفاظت سے لے کر سماج کی خدمت تک ہماری آرمڈ فورسز کے سابق فوجی ہندوستان کے مستقبل کو مسلسل سنوارر ہے ہیں۔ اُنہوں نے کہا،''سابق فوجیوں/1

### دسواں یومِ سابق آرمڈ فورسز







## جموں وکشمیر کو برآمدی ترقی کے سفر میں ''لیڈر'' ہونے کا اعزاز

### یہ کامیابی گزشتہ برسوں کے مقابلے میں نمایاں بہتری کی عکاس ہے

جموں/ جموں وکشمیر نے اپنی برآمدی ترقی کے سفر میں ایک اہم سنگِ میل حاصل کرتے ہوئے نیتی آیوگ کی جانب سے جاری کردہ ایکسپورٹ پرپیئرڈنیس انڈکس (اِی پی آئی)۔2024 میں چھوٹی رِیاستوں، شمال مشرقی ریاستوں اور یوٹیوں کے زُمرے میں دوسرا مقام حاصل کیا ہے۔ یونین ٹیریٹری نے متاثر کن 51.08 کے شاندار سکور کے ساتھ اِی پی آئی۔ 2024 درجہ بندی میں ''لیڈر'' کے طور پر درجہ بندی حاصل کی ہے۔ یہ کامیابی گزشتہ برسوں کے مقابلے میں نمایاں بہتری کی عکاس ہے جہاں جموں وکشمیر نے اِی پی آئی۔2022 میں 17ویں رینک سے ترقی کرتے ہوئے اِی پی آئی2024 میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ یہ غیر معمولی پیش رفت اِس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ یونین ٹیریٹری میں برآمداتی نظام کومضبوط بنانے کے لئے مربوط، مسلسل اورنتائج پر مبنی اَقدامات کئے گئے ہیں۔ ایکسپورٹ پرپیئرڈنیس اِنڈکس ایک جامع اور ڈیٹا پر مبنی فریم ورک ہے جو ریاستوں اور یوٹیوں کی برآمداتی تیاری کا جائزہ اہم ستونوں کی بنیاد پر لیتا ہے جن میں پالیسی، کاروباری ماحولیاتی نظام، برآمداتی ماحولیاتی نظام اور/4

## سردی کی شدت میں شوپیان گلمرگ سے آگے نکل گیا

سرینگر/ یواین آئی/ وادی کشمیر میں خشک موسم اور دن میں ہلکی دھوپ کھلی رہنے کے بیچ ٹھٹھرتی سردیوں کا زور تھمنے کا نام نہیں لے رہا ہے جس نے لوگوں کا صبح اور شام کے وقت گھروں سے باہر نکلنا ازبس محال کر دیا ہے۔ کشمیر ویدر کے مطابق گرمائی دارلحکومت سری نگر میں کم سے کم درجہ حرارت منفی 5.2 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا ہے جہاں گذشتہ شب کا درجہ حرارت منفی 4.9 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا تھا۔ وادی کے شہرہ آفاق سیاحتی مقامات گلمرگ اور پہلگام میں/2

## کٹھوعہ میں تلاشی آپریشن کا دائرہ وسیع

### ڈرون کیمروں کے ذریعے نگرانی

جموں/ یو این آئی/ جموں وکشمیر کے ضلع کٹھوعہ میں سیکورٹی فورسز نے مشتبہ دہشت گردوں کی نقل وحرکت کی اطلاع ملنے کے بعد سرچ آپریشن کو مزید توسیع دے دی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ سیکورٹی فورسز نے ایک درجن سے زائد دیہی علاقوں کو محاصرے میں لے کر ممکنہ فرار ہونے کے راستوں پر پہرے بٹھادئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ابتدائی اطلاع پر فورسز نے نجوٹہ کے گھنے اور دشوار گزار جنگل میں تلاشی مہم شروع کی تھی، لیکن مشتبہ دہشت گرد رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھا کر فرار ہونے میں کامیاب ہوئے۔ بعد ازاں انٹیلی جنس نے اطلاع دی کہ وہ رات گئے قریبی علاقے میں/3

## نا کامی کو مایوسی نہیں سمجھو ایک سبق کے طور اپناؤ

### ڈاکٹر فاروق عبداللہ کی دسویں جماعت میں فیل ہونے والوں کو نصیحت



سرینگر/ یو این آئی/ جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس کے صدر اور سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے دسویں اور بارہویں جماعت کے امتحانات میں کامیابی حاصل کرنے والے تمام طلبہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ تعلیم ہی سماجی ترقی، ہم آہنگی اور ایک روشن مستقبل کی حقیقی ضمانت ہے۔ ایک بیان میں ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا کہ طلبہ کی یہ کامیابی ان کی محنت، لگن اور اساتذہ و والدین کی مسلسل رہنمائی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ کامیاب ہونے والے نوجوان مستقبل میں تعلیم، سائنس، تحقیق اور سماجی خدمت جیسے میدانوں میں نمایاں کارکردگی دکھا کر ریاست اور ملک کا نام روشن کریں گے۔ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے ان طلبہ کی بھی حوصلہ افزائی کی جو اس بار کامیابی حاصل نہ کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ نا کامی کو مایوسی نہیں بلکہ ایک/5

## تین اشتہاری ملزموں کو سٹیٹ انٹیلی جنس ایجنسی کا انتباہ

### کسی بھی پولیس اسٹیشن میں سرنڈر کریں یا عدالت میں پیش ہوجائیں

سرینگر/ اے پی آئی/ سوشل میڈیا کے ذریعے ملک دشمن پروپگنڈا کرنے، ملک کی سلامتی، خودمختاری، لوگوں کو گمراہ کرنے والے تین اشتہاری ملزموں کو سٹیٹ انٹلی جنس ایجنسی نے پھر متنبہ کیا کہ وہ مقررہ وقت کے اندر اندر عدالت میں سرینڈر کرے بصورت دیگر ان کی منقولہ، غیر منقولہ جائیداد ضبط کرنے میں کوئی عار محسوس نہیں کیا جائے گا۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق گذشتہ دنوں این آئی اے کی خصوصی عدالت نے سوشل میڈیا کے ذریعے ملک مخالف پروپگنڈا کرنے، لوگوں کو اکسانے، ملک کی خودمختاری، سلامتی کو نقصان پہنچانے کے ضمن میں تین افراد مبین احمد شاہ، عزیز العشائی اور رفت وانی کو اشتہاری ملزم قرار دیتے ہوئے انہیں ہدایت کی کہ وہ عدالت میں حاضر ہوجائیں یا پولیس کے سامنے خودسپردگی کریں، تاہم مذکورہ مفرور ملازمان ایسا کرنے میں کامیاب نہیں ہوئے۔ سٹیٹ انٹلی جنس ایجنسی نے مذکورہ مفرور ملزمان کو ہدایت کی کہ وہ 15 دنوں کے اندر اندر عدالت میں خود پیش ہوجائیں یا جموں وکشمیر کے کسی بھی پولیس اسٹیشن میں/6

## جموں کو الگ بنانے کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں/ جگل کشور

### ریاستی حیثیت کی بحالی آئینی یقین دہانیوں کے مطابق مناسب وقت پر کی جائے گی



جموں/ سی این ایس/ بھارتیہ جنتا پارٹی کے سینئر رہنما اور رکن پارلیمان جوگل کشور شرما نے جموں کو الگ ریاست بنانے سے متعلق خبروں کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ بی جے پی میں اس حوالے سے کسی بھی سطح پر کوئی بحث نہیں ہو رہی۔ جموں میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے جوگل کشور نے کہا کہ بی جے پی کا واضح اور مستقل مؤقف جموں وکشمیر کی مکمل ریاستی حیثیت کی بحالی ہے، جیسا کہ وزیراعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے یقین دہانی کرائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جموں کو الگ ریاست بنانے کے دعوے محض افواہیں ہیں، جن کا مقصد عوام میں غلط فہمیاں پیدا کرنا ہے۔ پارٹی امن، ترقی اور سیاسی استحکام کے لیے کام کر رہی ہے اور ریاستی حیثیت کی بحالی آئینی یقین دہانیوں کے مطابق مناسب وقت پر کی جائے گی۔

## فوجیوں نے جو قربانیاں پیش کیں، وہ لائقِ احترام ہیں/ راج ناتھ

### دہشت گردی کے خلاف جنگ فیصلہ کن مرحلے میں داخل، وزیرِ دفاع کا انکشاف



سرینگر/ یو پی آئی/ وزیرِ دفاع راجناتھ سنگھ نے بدھ کو کہا کہ سری لنکا میں تقریباً چار دہائیاں قبل آپریشن پاون کے دوران بھارتی فوجیوں نے جو قربانیاں پیش کیں، وہ لائقِ احترام ہیں اور انہیں ہر سطح پر تسلیم کیا جانا چاہئے۔ انہوں نے عندیہ دیا کہ 1990 کی دہائی میں برسرِ اقتدار حکومتیں ان قربانیوں کو عوامی سطح پر مناسب انداز میں تسلیم کرنے میں ناکام رہیں۔ وزیر دفاع نے یہ بات مسلح افواج کے یومِ سابقین کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نہ صرف ان قربانیوں کو ''کھلے دل'' کے ساتھ تسلیم کر رہی ہے بلکہ ان کی بھرپور تکریم کو ادارہ جاتی طور پر یقینی بنانے کے اقدامات کر رہی ہے۔ راجناتھ سنگھ نے کہا،'' جب پوری قوم آج اپنے فوجیوں کی خدمات اور قربانیوں کو یاد کر رہی ہے، میں اُن تمام سابقین کو بھی خراجِ عقیدت پیش کرتا ہوں جنہوں نے قریب 40 سال قبل سری لنکا میں/8

## پلوامہ میں ایک شخص کی نعش درخت پر لٹکتے ہوئے پائی گئی

### کھنموہ انڈسٹریل ائیریا میں ایک مزدور کو مردہ حالت میں پایا گیا

سرینگر/ اے پی آئی/ جنوبی کشمیر پلوامہ میں اُس وقت سنسنی دوڑ گئی جب سماجی کارکن کی نعش لاپتہ ہونے کے بعد درخت پر لٹکتے ہوئے پائی گئی۔ ادھر سیڈکو انڈسٹریل ائیریا کھنموہ میں مزدور لقمہ اجل ہوا۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق جنوبی کشمیر کے پلوامہ چاٹسو علاقے میں اُس وقت سنسنی اور خوف ودہشت کا ماحول پھیل گیا جب مقامی لوگوں نے درخت پر سماجی کارکن کی نعش لٹکتے ہوئے پائی۔ پولیس نے اس بات کی تصدیق کی کہ سماجی کارکن شہنواز منظور بٹ ولد منظور احمد ساکنہ زاسو پلوامہ 13 جنوری سہ پہر کو اپنے گھر سے نکلے، پھر واپس نہیں لوٹ آئے۔ مذکورہ سماجی کارکن کی ہلاکت کے سلسلے میں پولیس نے دفعہ 174 کے تحت کیس درج کر کے معاملے کی تحقیقات شروع کر دی۔ ادھر کھنموہ انڈسٹریل ائیریا میں اُس وقت سنسنی دوڑ گئی جب طارق احمد آہنگر ولد غلام رسول ساکنہ ٹکولا چرار شریف کی نعش پُراسرار طور پر برآمد کی گئی۔ پولیس نے قانونی ضابطے پورے کرنے کے بعد میت لواحقین کو سونپ کر معاملے کی تحقیقات شروع کردی۔

## آپریشن سندور: بھارتی افواج کی عزم وضبط کی روشن مثال/ دیویدی

### آرمی چیف کا نوجوانوں کے جذبے کو سراہنے والا پیغام

سرینگر/ یو پی آئی/ آرمی چیف جنرل اوپیندرا دیویدی نے بدھ کے روز کہا کہ آپریشن سندور بھارت کی عزم، ضبط اور پیشہ ورانہ صلاحیت کا ایک ''تعریف کنندہ مظاہرہ'' ہے، جو نہ صرف مسلح افواج بلکہ ملک کے نوجوانوں کی اخلاقی قوت اور جذبے کا بھی عکاس ہے۔ یہ کارروائی بھارتی افواج کی طرف سے پچھلے سال 7 مئی کی صبح انجام دی گئی، جس میں کم ازکم 100 دہشت گرد ہلاک کیے گئے، اور یہ اپریل 2025 کے پاہلگام دہشت گرد حملے کے جواب میں کی گئی تھی، جس میں 26 بے گناہ شہری شہید ہوئے تھے۔ جنرل دَویڈی نے یہ بات نیشنل کیڈٹ کور کے ریپبلک ڈے کیمپ میں خطاب کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا،'' آپریشن سندور بھارت کی عزم وضبط کی ایک روشن مثال ہے اور یہ ہمارے مسلح افواج اور نوجوانوں کی پیشہ ورانہ/7

## فاتحہ خوانی/ تعزیتی اطلاع



نہایت رنج وغم کے ساتھ مرحوم کے آل خانہ اپنے تمام رشتہ داروں، احباب اور متعلقین کو مطلع کرتے ہیں کہ جناب عبدالرشید وڈو ولد مرحوم غلام محمد وڈو ساکنہ چھتہ بل، پتلی پورہ، بٹابونی کے قریب، سرینگر بتاریخ 12 جنوری 2026ء علی الصباح انتقال فرما گئے اور اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ مرحوم ایک نہایت شریف النفس، نیک سیرت انسان، ممتاز صوفی شاعر اور عالم تھے۔ انہوں نے اپنی حیات میں ہزاروں روح پرور اشعار تخلیق کئے۔ ان کی روحانی بصیرت اور ادبی عظمت پر مبنی سات کتب شائع ہو چکی ہیں۔ مرحوم کے ایصال ثواب کے سلسلے میں چوتھا دن) چہارم جمعہ 16 جنوری 2026ء کو منعقد ہوگا۔ اجتماعی فاتحہ خوانی: آبائی مقبرہ، محلّہ گزربل، چھتہ بل، سرینگر، آستان عالیہ حضرت سید میر محمد منطقیؒ وقت: دوپہر 2.30 بجے۔ تمام عزیز واقارب اور خیر خواہوں سے مودبانہ گذارش ہے کہ مرحوم کیلئے دعاو مغفرت میں شرکت فرمائیں۔ کسی قسم کی ضیافت یا اشیائے خورد ونوش نہ لائیں۔ اہل خانہ صرف آپ کی دعاؤں کے طالب ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل نصیب کرے۔ آمین

سوگواران: ظفر اقبال وڈو، منسر وڈو، عادل وڈو فرزندان اور وڈو فیملی

فون نمبرات:۔ 7006277283, 6005173399

## دسویں جماعت کے نتائج 36 طلباء وطالبات کے نمبرات 499/500

### دانیہ مدثر، فائقہ فیاض اور زینب النساء کو پورے 500 نمبرات لیکر امتیازی پوزیشن حاصل

سرینگر/ جے کے این ایس/ جموں وکشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن (JKBOSE) نے بدھ کی صبح اکتوبر، نومبر 2025 میں لئے گئے 10ویں جماعت کے باقاعدہ سالانہ امتحان کے نتائج کا اعلان کیا جس کا کامیاب اُمیدواروں کی مجموعی شرح 85.03 فیصد رہی۔ طلباء اور طالبات کے درمیان کامیابی کی شرح میں کوئی خاص فرق نہیں رہا جبکہ مختلف اسکولوں کے 36 ہونہار طلباء اور طالبات کو باقاعدہ سالانہ امتحان میں 500 میں سے 499 نمبرات حاصل ہوئے۔ جے کے پبلک اسکول ہمہامہ کی طالبہ دانیہ مدثر ساکنہ اوم پورہ بڈگام اور چھتر گل کنگن کی دو چچازاد بہنوں فائقہ فیاض اور زینب النساء نے 500 میں سے 500 نمبرات لیکر امتیازی پوزیشن پر قبضہ کیا۔ نجی اسکولوں کی کارکردگی اور امتیازی پوزیشنیں حاصل کرنے کی روایت برقرار رہنے کے بیچ اسلامیہ ہائی اسکول بارہمولہ کے ایک طالب علم قباب الطاف صوفی نے 496 نمبرات حاصل کر کے اسکول کا نام رشن کیا۔ جے کے این ایس کے مطابق جموں وکشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن (JKBOSE) کے ذریعہ تیار کردہ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق کل 94 ہزار 845 طلباء وطالبات نے دسویں جماعت کے سالانہ امتحان میں داخلہ لیا تھا جن میں سے 80 ہزار 650 طلباء وطالبات کامیاب قرار پائے اور یوں 85.03 فیصد طلبہ نے امتحان میں کوالیفائی کیا ہے۔ اس دوران معلوم ہوا کہ مختلف اسکولوں کے 36 ہونہار طلباء اور طالبات کو باقاعدہ سالانہ امتحان میں 500 میں سے 499 نمبرات حاصل ہوئے۔ نجی اسکولوں کی کارکردگی اور امتیازی پوزیشنیں حاصل کرنے کی/9

## دختران ملت کی سربراہ پر فرد جرم عاید

### فیصلہ 17 جنوری تک محفوظ

نئی دہلی/ دہلی کی ایک عدالت نے بدھ کو کشمیری علیحدگی پسند اور دختران ملت کی سربراہ آسیہ اندرابی کو یواے پی اے کیس میں مجرم قرار دیا۔ ایڈیشنل سیشن جج چندر جیت سنگھ نے یو اے پی اے کی دفعہ 18 (سازش کی سزا) اور 38 (دہشت گرد تنظیم کی رکنیت سے متعلق جرم) کے تحت ان کی سزا کا حکم دیا۔ اندرابی، جس نے 1987 میں تمام خواتین کے علیحدگی پسند گروپ دختران ملت (DeM) کی بنیاد رکھی تھی، کو اپریل 2018 میں گرفتار کیا گیا تھا۔ بعد میں اس گروپ پر پابندی لگادی گئی۔

